میں نے تمہیں حکم دیا تھا کہ فلاں فلاں کو جلا دینا لیکن آگ کی سزا تو صرف اللہ تعالیٰ ہی دے گا اس لیے اگر تم ان کو پاؤ تو انہیں قتل کر دینا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک لشکر میں روانہ کیا تو فرمایا: اگر تمہیں فلاں فلاں مل جائیں تو انہیں آگ میں جلا دینا آپ ﷺ نے یہ قریش کے دو آدمیوں کا نام لے کر فرمایا پھر جب ہم نکلنے لگے تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہیں حکم دیا تھا کہ فلاں فلاں کو جلا دینا لیکن آگ کی سزا تو صرف اللہ تعالیٰ ہی دے گا اس لیے اگر تم ان کو پاؤ تو انہیں قتل کر دینا

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

اس حدیث میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بتا رہے ہیں کہ نبی ﷺ نے انہیں ایک لشکر میں دشمن سے لڑنے کے لئے روانہ فرمایا اور حکم دیا کہ اگر انہیں دو قریشی افراد نظر آئیں جن کی آپ ﷺ نے تعیین کی تو انہیں آگ میں جلا دیں پھر جب وہ آپ ﷺ کو سفر پر روانہ ہونے سے پہلے الوداع کرنے آئےتو آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے تمہیں فلاں فلاں شخص کو جلانے کے لئے کہا تھا لیکن آگ کا عذاب صرف اللہ ہی دے گا اس لئے اگر وہ تمہارے ہاتھ لگ جائیں تو انہیں (جلانے کے بجائے) قتل کر دینا

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/8889